MAMO
Medizinische Ahmadiyya
Muslim Organisation

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی ہے جو مجھے شفا دیتا ہے (القرآن)

COVID-19

سوال۔ کیا کورونا وائرس گرمی کے موسم میں نہیں پھیلتا؟

جواب۔

- کورونا وائرس کے پھیلاؤ کا موسمی تبدیلی یا گرمی کے موسم سے کوئی تعلق ابھی تک ثابت نہیں ہوا۔ گرم عرب ممالک میں کورونا وائرس کا پھیلنا ہی اس بات کی نشاندہی کرتا ہے۔

کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر۔
صابن سے ہاتھ اچھی طرح دھوئیں۔

ناک، منہ یا آنکھوں کو ہاتھ مت لگائیں۔
کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔

دیگر افراد سے فاصلہ رکھیں۔
گھر سے باہر مت جائیں۔

MAMO
Medizinische Ahmadiyya Muslim Organisation

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ
اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی ہے جو مجھے شفا دیتا ہے (القرآن)

COVID-19

سوال۔ کیا گرم پانی سے نہانے یا گرم بھاپ میں سانس لینے سے کوروناوائرس ختم ہو جاتا ہے؟

جواب۔

جی نہیں۔ کوروناوائرس کے خاتمے کا گرم پانی یا گرم بھاپ میں سانس لینے سے کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ کچھ لوگوں کے لئے یہ اعمال نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں مثلاً جِلد کا جھلسنا۔

کوروناوائرس سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر۔ صابن سے ہاتھ اچھی طرح دھوئیں۔	ناک، منہ یا آنکھوں کو ہاتھ مت لگائیں۔ کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔	دیگر افراد سے فاصلہ رکھیں۔ گھر سے باہر مت جائیں۔

MAMO
Medizinische Ahmadiyya Muslim Organisation

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی ہے جو مجھے شفا دیتا ہے (القرآن)

COVID-19



سوال۔ کیا ماسک کا استعمال کورونا وائرس سے بچاؤ کا مؤثر طریقہ ہے؟

جواب۔ ماسک کا استعمال صرف پہننے والے کے منہ اور ناک سے نکلنے والی چھینٹوں کو دوسروں تک پہنچانے میں بہت حد تک روکتا ہے۔ بہر حال ماسک پہننے والا ماسک کی وجہ سے اپنے ناک اور منہ کو ہاتھ لگانے سے بھی بچا رہتا ہے۔ ماسک پہننے والے میں وائرس کی منتقلی کو عام ماسک نہیں روک سکتے۔

کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر۔

صابن سے ہاتھ اچھی طرح دھوئیں۔

ناک، منہ یا آنکھوں کو ہاتھ مت لگائیں۔

کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔

دیگر افراد سے فاصلہ رکھیں۔

گھر سے باہر مت جائیں۔

سوال۔ کیا پیاز، ادرک اور لہسن کے استعمال سے کورونا وائرس کا علاج ممکن ہے؟

جواب۔ پیاز، ادرک اور لہسن کے استعمال سے کورونا وائرس کے علاج میں افادیت کے کوئی شواہد موجود نہیں۔ گھریلو ٹوٹکے مثلاً شہد، ادرک کا قہوہ، جوشاندہ وغیرہ فلو، گلا درد وغیرہ میں آسودگی کیلئے استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ ان کا کورونا وائرس کے علاج میں مفید ہونا ابھی تک ثابت نہیں ہوا۔

MAMO
Medizinische Ahmadiyya
Muslim Organisation

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ
اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی ہے جو مجھے شفا دیتا ہے (القرآن)

COVID-19

سوال۔ کیا کورونا وائرس سے لگنے والا ایک لاعلاج مرض ہے؟

جواب۔ کورونا وائرس کے مریض کا علامات کے مطابق ہسپتال میں علاج ممکن ہے۔ کورونا وائرس کے مشتبہ افراد فوری طور پر کرونا حفاظتی مراکز یا اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں اور دی جانے والی ہدایات پر عمل کریں۔ مریضوں کی اکثریت میں یہ بیماری زیادہ شدت ہی اختیار نہیں کرتی۔

کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر۔
صابن سے ہاتھ اچھی طرح دھوئیں۔
ناک، منہ یا آنکھوں کو ہاتھ مت لگائیں۔
کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔
دیگر افراد سے فاصلہ رکھیں۔
گھر سے باہر مت جائیں۔

سوال۔ فلو یا نمونیا سے بچاؤ کی ویکسین کورونا وائرس سے بچاؤ کے لئے بھی استعمال کی جاسکتی ہے؟

- جواب۔ نہیں۔ کورونا وائرس اپنی نوعیت میں فلو اور نمونیا کے جراثیموں سے مختلف ہے۔ دوسری ویکسین کا اس پر کوئی اثر نہیں ہوگا۔ کورونا سے بچاؤ کے لئے ویکسین کی تیاری میں اسوقت پوری دنیا بھرپور کوشش کررہی ہے۔

سوال۔ کیا کوروناوائرس کی وبا عالمی سازش کا حصہ ہے، مثلاً معیشت کو نقصان پہنچانے کا ڈھونگ ہے؟

جواب۔ کوروناوائرس عالمی سطح پر تصدیق شدہ ہے اور یہ ہزاروں انسانوں کی جان لے چکی ہے۔ اس کو سازش یا ڈھونگ کے تحت نہیں لینا چاہیئے، کیونکہ اس سے انسانی جان کو خطرہ ہے۔

MAMO
Medizinische Ahmadiyya Muslim Organisation

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ
اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی ہے جو مجھے شفا دیتا ہے (القرآن)

COVID-19

سوال۔ کیا وضو کورونا وائرس سے بچاؤ میں اہم کردار ادا کرتا ہے؟

جواب۔ وضو کے دوران ناک کی صفائی نتھنوں میں اٹکے جراثیموں کی صفائی میں کردار ادا کرتی ہے۔ کورونا وائرس نظامِ تنفس کے زیریں حصوں میں بھی موجود ہوتے ہیں اور ان کا اخراج مریض کے صحت مند ہونے تک جاری رہتا ہے۔ ایسی صورت میں وضو کے دوران ناک کی صفائی کورونا وائرس کے پھیلاؤ میں ناکافی ہے۔

کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر۔
صابن سے ہاتھ اچھی طرح دھوئیں۔
ناک، منہ یا آنکھوں کو ہاتھ مت لگائیں۔
کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔
دیگر افراد سے فاصلہ رکھیں۔
گھر سے باہر مت جائیں۔

سوال۔ کیا کورونا وائرس کا پھیلاؤ ہوٹلوں، شادی گھروں، سینما گھروں تک محدود ہے۔ گھر کی سطح پر لوگوں کو شادی بیاہ کے فنکشن کیلئے دعوت دی جا سکتی ہے؟

جواب۔ کورونا وائرس کی منتقلی کسی بھی جگہ پر زیادہ تعداد میں لوگ اکٹھے ہونے پر ہو سکتی ہے۔ لہٰذا احتیاط کا تقاضہ یہ ہے کہ کسی بھی جگہ پر لوگ اکٹھے نہ ہوں اور حکومتی ہدایات پر عمل کیا جائے۔

سوال۔ کیا مسجد یا نماز سینٹرز میں کرونا نہیں پھیلتا؟

جواب۔ کسی بھی جگہ پر اکٹھے ہونے والے لوگوں میں سے اگر کسی ایک شخص میں بھی کورونا وائرس موجود ہو تو وہ لاعلمی میں دوسرے لوگوں تک منتقل ہو سکتا ہے۔

MAMO
Medizinische Ahmadiyya Muslim Organisation

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ
اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی ہے جو مجھے شفا دیتا ہے (القرآن)

COVID-19

- سوال۔ جب زندگی موت اور صحت بیماری سب اللہ کی مرضی ہے تو کورونا وائرس کیا کر سکتا ہے؟
- جواب۔ اللہ تعالیٰ کی حاکمیت برحق ہے مگر انسان کو اللہ تعالیٰ نے شعور دیا ہے تاکہ وہ اپنی اور اپنے عزیز و اقارب، ہمسایوں اور قوم کی صحت کے حوالے سے اپنا کردار ادا کرے۔ کورونا وائرس کے پھیلاؤ سے آگہی اور اس سے بچاؤ کیلئے تدابیر کرنا ضروری ہے جس کے لیے مذہب بھی تنبیہ کرتا ہے۔

کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر۔
صابن سے ہاتھ اچھی طرح دھوئیں۔

ناک، منہ یا آنکھوں کو ہاتھ مت لگائیں۔
کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔

دیگر افراد سے فاصلہ رکھیں۔
گھر سے باہر مت جائیں۔

- سوال۔ کیا کورونا وائرس حرام جانوروں کا گوشت کھانے اور دین سے دُوری کا انجام ہے؟

- جواب۔ کورونا وائرس کی ابتدا کس جانور سے ہوئی، اس بارے میں مستند معلومات دستیاب نہیں۔ تاہم اس کے پھیلاؤ کے حوالے سے حلال و حرام جانوروں کے گوشت سے مناسبت ٹھیک نہیں۔ موجودہ حالات میں یہ حقیقت ہے کہ کورونا وائرس مریض سے دوسرے لوگوں تک منتقل ہو رہا ہے جن میں مسلمان بھی شامل ہیں۔ لٰہذا احتیاط کریں۔

MAMO
Medizinische Ahmadiyya
Muslim Organisation

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی ہے جو مجھے شفا دیتا ہے (القرآن)

COVID-19

سوال۔ کیا گرم پانی بار بار پینے سے کورونا وائرس ختم ہو جاتا ہے اور پھیپھڑوں تک نہیں پہنچ پاتا؟

جواب۔ یہ بات بھی ہرگز درست نہیں ہے۔ مناسب مقدار میں پانی صحت افزا ہے مگر کورونا کے وائرس کی منتقلی سے اس کا کوئی تعلق ثابت نہیں ہوتا۔

کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر۔
صابن سے ہاتھ اچھی طرح دھوئیں۔

ناک، منہ یا آنکھوں کو ہاتھ مت لگائیں۔
کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔

دیگر افراد سے فاصلہ رکھیں۔
گھر سے باہر مت جائیں۔

MAMO
Medizinische Ahmadiyya
Muslim Organisation

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی ہے جو مجھے شفا دیتا ہے (القرآن)

COVID-19

کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر۔

صابن سے ہاتھ اچھی طرح دھوئیں۔

ناک، منہ یا آنکھوں کو ہاتھ مت لگائیں۔

کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔

دیگر افراد سے فاصلہ رکھیں۔

گھر سے باہر مت جائیں۔